رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — فون: ۲۴۵

الفضل

روزنامہ ربوہ

خطبہ نمبر ۱۶

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۷۱ / ۳۶ | منگل ۱۵ شعبان ۱۴۰۲ھ، ۸ احسان ۱۳۶۱ ہش، ۸ جون ۱۹۸۲ء | نمبر ۱۲۶

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں تازہ اطلاع

حضور کے دل کی حالت معمول کی طرف مائل ہے

کل دن میں طبیعت بہتر رہی، کھانسی کم ہے، بخار اتر چکا ہے۔

احباب کرام خاص توجہ اور التزام سے دن رات دعائیں جاری رکھیں:

اسلام آباد سے محترم ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کی بذریعہ ٹیلیفون مرسلہ تازہ ترین اطلاع

ربوہ۔ ۸ احسان / جون۔ سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں اسلام آباد سے بذریعہ ٹیلیفون محترم ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح ساڑھے آٹھ بجے کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

"گزشتہ رات خدا تعالیٰ کے فضل سے پُرسکون گزری اور نیند آگئی۔ دل کی حالت بھی معمول کی طرف مائل ہے اور کھانسی میں افاقہ ہے۔"

اس سے قبل کل — یعنی ۷ جون ۱۹۸۲ء بروز پیر کی رات ۸ بجے اسلام آباد سے بذریعہ ٹیلیفون مندرجہ ذیل اطلاع موصول ہوئی تھی:۔

"آج دن میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے طبیعت بہتر رہی۔ کھانسی بھی کم ہے۔ دل کی حالت کل کی نسبت بہتر ہے بخار اتر چکا ہے اور شکر کی مقدار خون میں تسلی بخش ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کچھ وقت کیلئے بستر سے باہر کرسی پر رونق افروز رہے۔ (ڈاکٹر مرزا مبشر احمد)"

احباب کرام اپنی نیم شبی عاجزانہ و متضرعانہ تضرعات میں کوئی کمی نہ آنے دیں۔ صدقات اور دعائیں اور نوافل کا سلسلہ جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب پر رحم کرے۔ ہمارے محبوب آقا کو جلد از جلد صحت کامل عطا کرے اور آپ کو بھرپور کام کرنے والی لمبی عمر عطا کرے۔ اور ہر گام پر اپنی بھرپور تائید و نصرت اور فرشتوں کی حمایت سے نوازتا رہے۔ اور ہمارے مضطرب دلوں کو تسکین عطا کرے۔

آمین! اللّٰھم آمین!!

اخبارِ احمدیہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ: ۸ احسان / جون۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت بلڈ پریشر میں مسلسل اضافے اور ضعف کی وجہ سے ناساز ہے۔ احباب کرام التزام اور توجہ سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ موصوفہ کو صحت کامل عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین۔

ستر ہویں فضل عمر درس القرآن کلاس

۲۸ جولائی تا ۱۱ اگست ربوہ میں منعقد ہوگی

حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ ستر ہویں فضل عمر درس القرآن کلاس امسال ماہ رمضان کے بعد ۲۸ جولائی تا ۱۱ اگست ۱۹۸۲ء مرکز سلسلہ ربوہ میں منعقد ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

جملہ امراء کرام، صدر صاحبان و مربیان سلسلہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ میں زیادہ سے زیادہ احباب و خواتین (طلباء و طالبات) کو درس القرآن کی اس نہایت اہم اور مفید کلاس میں شمولیت کی پُرزور تحریک فرمائیں۔ اور کوشش کریں کہ ہر جماعت کی طرف سے بھرپور نمائندگی ہو۔

وباللہ التوفیق

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن)

ضروری اعلان

احباب جماعت کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت سے متعلق تازہ اطلاع وقتاً فوقتاً دے دی جایا کرے گی۔ اس لئے احباب خود فون نہ کریں۔ اگر ایمرجنسی میں کسی کو فون کرنا پڑے تو اسلام آباد فون نمبر ۲۸۷۹۷ پر کیا جائے اس کے علاوہ کسی اور نمبر پر فون نہ کیا جائے۔

(پرائیویٹ سیکرٹری از اسلام آباد)

کیا آپ • چندہ عام • حصہ آمد چندہ جلسہ سالانہ ادا فرما چکے ہیں؟

ناظر بیت المال آمد - ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبدالحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ، قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ

۱۵ شعبان ۱۴۰۲ھ

۸ جون ۱۳۶۱ ہش

عشق و محبت کا ایک لازمی تقاضا

اور

اس کا والہانہ اظہار

ان دنوں سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی شدید علالت کی وجہ سے روئے زمین پر بسنے والے تمام احمدی شدید کرب دکھ اور تکلیف کی حالت میں سے گزر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور تڑپ تڑپ کر اور دو الحاح سے حضور کی کامل و عاجل شفایابی کے لئے دعائیں مانگ رہے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ حضور کی موجودہ علالت کی وجہ سے ہر احمدی آج کل ایک ناقابل بیان کرب میں مبتلا ہے اور اسے ہونا بھی چاہیئے۔ لیکن پوری جماعت کا ایک فطری تقاضے کے طور پر مضطرب و بے چین ہو کر خدا تعالیٰ کے حضور جھکنا اور گریہ و زاری کے ساتھ حضور کی صحت یابی کے لئے دعائیں مانگنا اور مانگتے چلے جانا اور اجتماعی صدقات دینا اور دیتے چلے جانا بجائے خود ایک زبردست نشان کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لئے کہ جماعت کو اپنے امام ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت و عشق کا جو تعلق ہے اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دل میں ہر احمدی کے لئے محبت و شفقت کا جو دریا موجزن ہے۔ اس کی مثال کہیں اور ڈھونڈے سے بھی نہیں مل سکتی۔ یہ باہمی محبت و الفت، گہری وابستگی و عقیدت اور ان ایام میں اس کا طبعی تقاضا کے رنگ میں کمال درجہ بے ساختہ اور والہانہ اظہار جماعت احمدیہ کے خدائی جماعت ہونے پر دال ہے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مومنوں کی جماعت کو ایک جسم یا بدن سے تشبیہ دی ہے اور فرمایا ہے کہ اگر جسم کے ایک چھوٹے سے عضو میں بوجہ بیماری تکلیف ہو جائے تو پورا جسم اس تکلیف کو محسوس کرتا ہے۔ جماعت ایک جسد کی حیثیت رکھتی ہے اور امام کا وجود اس میں قلب کی طرح ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی موجودہ شدید علالت پر پوری جماعت ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپ اٹھی ہے۔ پوری جماعت کو حضور کے ساتھ محبت و عشق کا جو گہرا اور لاثانی تعلق ہے وہ بیماری کی خبر سنتے ہی ایک ٹھاٹھیں مارتے ہوئے متلاطم و مضطرب سمندر کی شکل میں اس طرح نمودار ہوا ہے کہ اس کا اضطراب اور تلاطم بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے۔ مشرق سے لے کر مغرب تک شمال سے لے کر جنوب تک کرۂ ارض پر پھیلی ہوئی جماعتہائے احمدیہ کے مضطرب دلوں سے متضرعانہ دعائیں نکل نکل کر آسمان کی طرف بلند ہو رہی ہیں اور عرش الٰہی کو ہلا رہی ہیں۔ ان ایام میں جماعت نے اپنے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ عشق کا، ہر دم جاری رہنے والی دردمندانہ دعاؤں اور مسلسل کئے جانے والے صدقات کی شکل میں جو اظہار کیا ہے اور کر رہی ہے وہ خود اپنی ذات میں ایک مہتم بالشان نشان کی حیثیت رکھتا ہے اور اس امر پر دال ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اس اضطرار اور تضرع و ابتہال کو قبول فرما کر ضرور رجوع برحمت ہوگا اور انشاء اللہ القدیر حضور ایدہ اللہ کی کامل و عاجل شفایابی کی شکل میں ہم اپنے معجزانہ فضل کی بارش ضرور برسائے گا۔

خدا تعالیٰ کی قدیم سے یہ سنت ہے اور پھر خود ہی اس ابتلاء کو ٹال کر انہیں اپنے عظیم الشان فضلوں اور انعاموں سے نوازتا ہے وہ ارحم الراحمین ہے اور بے انتہا فضل کرنے والا ہے۔ وہ ابتلاء اس لئے لاتا ہے کہ ہم عبودیت اور بندگی کے تقاضے کمال جذبہ و جوش کے ساتھ پورے کریں اور ان میں کمی نہ آنے دیں۔ تا وہ ہمیں پہلے سے بڑھ کر کامیابیاں اور کامرانیاں اور فتوحات عطا کرے۔ جماعت احمدیہ کی زندگی ایسے ہی ابتلاؤں اور ان کے دوران عبودیت کے تقاضے پورے کرنے کے نتیجہ میں ملنے والی رفیع الشان کامرانیوں سے عبارت ہے۔ خدا تعالیٰ خلافت کے آسمانی نظام کی برکت سے ہمارے ہر اندھیرے کو نور میں اور ہر خوف کو امن میں بدلتا چلا آ رہا ہے اور انشاء اللہ وہ اب بھی ایسا ہی کرے گا۔

ہمارا خدا سب وفاداروں سے بڑھ کر وفادار ہے اور سچے وعدوں والا ہے وہ مضطر کی دعاؤں کو قبول کرتا ہے۔ جماعت کے افراد ان ایام میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے مضطر ہونے کی حالت میں اپنے جان و دل سے عزیز آقا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی کامل و عاجل شفایابی کیلئے جس تڑپ اور درد و کرب کے ساتھ دعائیں مانگ رہے ہیں اور صدقات دے رہے ہیں۔ انہیں وہ ضرور قبول فرمائے گا اور حضور کو صحت و عافیت کی لمبی زندگی عطا فرما کر حضور کے وجود باجود کی برکت سے نئی اور عظیم الشان فتوحات کے دروازے کھولے گا۔

خدا تعالیٰ پہلے ہی کی طرح ہمیں حوصلہ عطا کرے اور ہم حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کاملہ و عاجلہ اور نئی فتوحات عظیمہ کے دروازے کھولنے والی نہایت بابرکت فعال لمبی زندگی کے لئے مضطربانہ دعاؤں اور صدقات کے سلسلہ کو کمال عاجزی اور تضرع کے ساتھ جاری رکھ کر عبودیت کا نمونہ پیش کرتے چلے جائیں۔ تا ہمارا خدا ہم پر رجوع برحمت ہو۔ اور حضور کو اپنے فضل سے کامل شفا، مکمل صحت اور دراز سے دراز تر عمر عطا فرما کر ہمارے لئے لازوال خوشیوں کے سامان کرے۔

اے خدا! اے ذوالمجد والعطاء اے رحیم اور مشکل کشا! تو ہماری عاجزانہ اور متضرعانہ دعائیں قبول فرما۔ تجھے ہر قدرت اور طاقت حاصل ہے۔ تو ہی شافی مطلق ہے اور تجھ ہی پر ہمارا بھروسہ اور توکل ہے۔ ہمیں ہماری مراد عطا کر اور حضور کو صحت یاب فرما کر ہمیں خوشیوں سے مالا مال فرما۔ آمین ثم آمین

اہلِ عرفان

دوسری قدرت کی نعمت، کا جسے عرفان ہے
جان و دل سے وہ تو اس کی ذات پر قربان ہے

دردمندانہ دعائیں وقف ہیں اس کے لئے
جو سراپا حسن ہے تسکین کا سامان ہے

مانگتے ہیں ہم شفا کی بھیک اس تن کے لئے
اے خدا جس کے دل و جاں میں ترا قرآن ہے

جس سے وابستہ ہے دینِ مصطفےٰ کی تمکنت
دشمنوں پہ بھی جو رہتا مائل احسان ہے

جس کا دل نفرت سے خالی اور محبت سے ہے پُر
پیار سے دل جیتنا جس کی نرالی شان ہے

باندھا ہے شبیر نے عہدِ وفا جس ہاتھ پر
حق و باطل میں ہمیں وہ بخشتا پہچان ہے

(چوہدری شبیر احمد واقف زندگی۔ ربوہ)

اللہ کا احسان

حضرت اقدس فرماتے ہیں کہ :-

" یہ مت خیال کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر یا کسی اور رنگ سے کوئی خدمت بجا لا کر خدا تعالیٰ اور اس کے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو۔ بلکہ یہ اس کا احسان ہے کہ تمہیں اس خدمت کے لئے بلاتا ہے۔"

(اشتہار تبلیغ رسالت جلد دہم) (ناظر بیت المال آمد)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

دُعا حصولِ فضلِ الٰہی کا ایک بڑا ہی مُفید ذریعہ ہے

اِستجابتِ دُعا کے نتیجہ میں انسان اعمالِ صالحہ بشاشت سے اَدا کرنے کی توفیق پاتا ہے

اِس احساس کو ہمیشہ زندہ رکھنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ غنی ہے اور ہمیں اس کی ہر آن احتیاج ہے:

اگر تم اِس احساس کو زندہ رکھو گے تو خدا تعالیٰ تمہاری دُعاؤں کو قبول کریگا اور اپنی قدرت کے نشان تمہارے لیے ظاہر کرے گا

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
فرمودہ ۳۰ اخاء ۱۳۴۹ ہش بمطابق ۳۰ اکتوبر ۱۹۷۰ء بمقام مسجد مبارک ربوہ

تشہد، تعوّذ اور سورۃ فاتحہ کے بعد قرآن مجید کی مندرجہ ذیل آیات تلاوت کیں۔

اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ (سورۃ البقرہ ع ۲۳)

قُلْ مَا یَعْبَؤُا بِکُمْ رَبِّیْ لَوْلَا دُعَآؤُکُمْ

(سورۃ الفرقان ع آخر)

پھر فرمایا :-

اللہ کے فضل سے طبیعت پہلے سے تو بہتر ہے، لیکن ابھی پوری طرح آرام نہیں آیا۔ اس وقت میں مختصراً اس اہم اور ضروری بات کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ

ایک مومن کی زندگی کا ہر لمحہ

اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس سے عاجزانہ دعاؤں میں گذرنا چاہیئے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیئے کہ حقیقی زندگی اللہ تعالیٰ ہی کی ہے اور ہر زندگی اور بقا اس سے حاصل ہوتی ہے۔ انسان درجہ بدرجہ ترقی کر کے اپنی رفعتوں کو پہنچتا ہے۔ یہ ارتقاء تدریجی اللہ تعالیٰ کے فضل کے بغیر ممکن نہیں اور اللہ تعالیٰ کا فضل جہاں اَور بہت سی چیزوں سے حاصل کیا جاتا ہے، جیسا کہ قرآن کریم نے وضاحت سے اس پر روشنی ڈالی ہے وہاں دعا بھی اس کا بڑا ہی مفید ذریعہ ہے اور اسے انسان چھوڑ نہیں سکتا اور سچی بات تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا عرفان حاصل کرنا انسان کے لیے ممکن نہ ہوتا اگر خود وہ ہمیں اپنے فضل سے اور اپنے مقرب بالارادہ ہونے سے اپنے وجود کا پتہ نہ دیتا۔ وہ ہم سے پیار کرتا ہے اور اس کا اظہار کرتا ہے۔ اپنے قول سے اپنے فعل سے ایک خوابیدہ روح کو بیدار کر دیتا ہے اور ایک عقلمند کو مجنون بنا دیتا اور مست کر دیتا ہے۔

قرب اور حُسن کا یہ جلوہ

پیار کے یہ الفاظ کیسے انسان حاصل کرے؟ کیونکہ اس کے بغیر تو زندگی زندگی نہیں۔ فرمایا مجھ سے مانگو میں تمہاری دعاؤں کو قبول کروں گا۔ اور اس طرح میں تمہیں عمل صالح کی توفیق عطا کروں گا۔

ابھی جو میں نے آیت پڑھی ہے اس میں یہی بتایا گیا ہے کہ استجابتِ دعا کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کی شان اور اس کی قدرت اور اس کے جلال کا مشاہدہ کر کے انسان اعمال صالحہ بشاشت سے ادا کرتا ہے اور اس کی وہ توفیق اپنے رب سے پاتا ہے اور اپنے ایمان کو مضبوط کرتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کی معرفت انسان کو حاصل نہ ہو اگر کچھ وہ اللہ کا اور کچھ دنیا کا ہو، تو پھر وہ خدا تعالےٰ کے فضلوں کو کیسے پا سکتا ہے۔ نہ اعمالِ صالحہ ہوں گے جیسا کہ خدا چاہتا ہے کہ ہوں اور نہ ایمان میں وہ تازگی اور بشاشت ہو گی جو خدا چاہتا ہے کہ پیدا ہو، فرمایا۔ میں تمہاری دعاؤں کو اس لیے قبول کرتا ہوں کہ تم

بشاشت سے اعمال صالحہ بجا لاؤ

تاکہ تمہارے ایمان اَور بھی مضبوط ہوں اور معرفت میں اَور بھی ترقی کرو اور یہ کہ وہ رشد و ہدایت جس کے حصول کے لیے وہ راستہ جس کی انتہا میرا قرب ہے۔ اس پر چلنے کے لیے تمہیں پیدا کیا گیا ہے۔ تم اس رشد و ہدایت کو پاؤ۔ اور تم اس راہ پر چلتے ہوئے مجھ سے قریب سے قریب تر ہوتے چلے جاؤ تو استجابتِ دعا کے نتیجہ میں اعمال صالحہ کی توفیق انسان کو حاصل ہوتی ہے اَور بھی راستے ہیں جیسا کہ میں نے بتایا، لیکن یہ بھی ایک حسین اور روشن راستہ ہے۔ جس کی طرف اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ہماری رہنمائی فرمائی ہے۔ انسان کو بے پرواہ نہیں ہونا چاہیئے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انسان کو یہ خیال نہیں کرنا چاہیئے
کہ میں خدا سے دوری کی راہوں کو اختیار کرتے ہوئے بھی اس کے قرب کو حاصل کرلوں گا۔ اس تصور اور اس خواہش کے درمیان تضاد ہے۔ انسان کو یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ وہ اللہ کی مدد کے بغیر خود اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ اللہ کی مدد کے بغیر اور اس کی نصرت کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ اس کی ہمیں مدد لینی چاہیئے۔ اس سے دعا کرنی چاہیئے۔ اس سے یہ دعا بھی کرنی چاہیئے کہ وہ دعا کو قبول کرے اور ہمیں

قبولیت دعا کا ایک نشان اور معجزہ

دکھائے اس طرح اس کے فضل سے بشاشت کے ساتھ ہمیں عمل کرنے کی توفیق مل جائے اور ہمارے ایمان اس کی رحمت سے مضبوط ہو جائیں۔ خود انسان کچھ نہیں کر سکتا۔ انسان کو بہکنا نہیں چاہیئے۔ انسان کو یہ نہیں زیب دیتا کہ وہ اپنے نفس کو فربہ کرے۔ انسان کو یہ نہیں چاہیئے کہ وہ خودنمائی کرے وہ اپنے کو کچھ سمجھے اور اس کا اظہار کرے۔ عاجزی اس کی حقیقت اور عاجزانہ راہیں اس کا طریق ہونا چاہیئے فرمایا قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ۔

اللہ تعالیٰ کی ذات تو غنی ہے اسے تو تمہاری احتیاج نہیں ہے تمہیں اس کی احتیاج ہے۔ اگر تم اس احتیاج کا احساس نہ رکھتے ہو، اگر تم دنیا میں عزت کیلئے اس سے عزت حاصل کرنے کی خواہش نہ رکھتے ہو، اگر تم اپنے بوٹ کے تسمہ کے حصول کے لیے خود کو طاقت ور اور اپنی طاقت اور مال کی طاقت کو کافی سمجھتے ہو، تو تم مارے گئے تم ہلاک ہو گئے۔ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ (سورۃ فرقان رکوع آخر) اگر تم دعا کے ذریعہ سے اس غنی کے دروازے کو نہیں کھٹکھٹاؤ گے (جسے تمہاری احتیاج نہیں جس کی تمہیں ہر آن احتیاج ہے) تو مارے جاؤ گے۔ پس

بے پروا نہیں ہونا چاہیئے

غافل نہیں ہونا چاہیئے۔ جس طرح اسے جو ہمارا محبوب اور پیارا آقا ہے نیند نہیں آتی اور اونگھ نہیں آتی۔ اسی طرح تم بھی جس حد تک تمہیں خدا نے طاقت اور توفیق دی ہے بیدار رہنے کی کوشش کرو تاکہ تم خواہ چھوٹے سے پیمانہ پر ہی سہی، اس کی اس صفت کے (جس کا قرآن کریم میں ذکر ہے کہ نہ اسے نیند آتی ہے نہ اونگھ آتی ہے) اپنی استعداد کے مطابق اپنی طاقت کے لحاظ سے مظہر بنو۔ یہ درست ہے، لیکن تمہارے دل میں یہ بڑی شدید خواہش ہونی چاہیئے کہ اس کی ہر صفت کا ہم نے مظہر بننا ہے اور اس صفت کا بھی ہم نے مظہر بننا ہے۔ جب یہ ہو جائیگا جب تمہیں اپنا پتہ لگ جائے گا کہ تم کچھ بھی نہیں، جب تم کو اس کا علم اور اس کی معرفت حاصل ہو جائے گی کہ وہی سب کچھ ہے۔

وہی سب طاقتوں والا ہے!

جب تم یہ پہچان لوگے کہ اسے تمہاری ضرورت اور احتیاج نہیں، جب تم اس کی یہ معرفت حاصل کرلوگے کہ تمہیں ہر چیز میں اس کی احتیاج ہے تو پھر وہ تمہیں مل جائے گا، پھر وہ تمہاری دعاؤں کو قبول کرے گا اور اپنی قدرت کے نشان تمہارے لیے ظاہر کرے گا۔ لیکن اگر یہ نہیں تو کچھ بھی نہیں۔ خدا کرے کہ ہمیں ہر آن یہ احساس رہے اور ہمارا یہ احساس ہر وقت زندہ رہے کہ ہر وقت ہر چیز میں اور

ہر کام کے لیے ہمیں اس کی احتیاج ہے

اور دعا یہ ہے کہ اس کے فضل کو حاصل کرنے کی جدوجہد ہماری زندگیوں میں جاری رہے تاکہ ہم ہمیشہ ہی اس کے فضل اور اس کی رحمت کے وارث بنتے رہیں۔ اَللّٰهُمَّ آمِين۔

(الفضل ۳۰ اپریل ۱۹۷۱ء)

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کا انٹرویو ۳۰ اگست کو ہوگا

- جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے امیدواران واقفین زندگی طلباء کا انٹرویو انشاء اللہ العزیز ۳۰ ظہور ۱۳۶۱ ہش مطابق ۳۰ اگست ۱۹۸۲ء بروز سوموار ۸ بجے صبح دفتر تحریک جدید ربوہ میں ہوگا۔ لیکن داخلہ کے لئے درخواستیں ۲۰ جولائی تک دفتر وکالت دیوان تحریک جدید میں پہنچ جانی چاہئیں۔ اس لئے امیدواران کو چاہیئے کہ میٹرک کے نتیجہ کا انتظار نہ کریں بلکہ درخواستیں فوری طور پر مقامی جماعت کے صدر صاحب کی معرفت دفتر وکالت دیوان کو بھجوادیں تا انٹرویو سے پہلے امیدواران کے وقف اور داخلہ کے بارہ میں ضروری کوائف مکمل کئے جاسکیں۔
- اس سے قبل داخلہ کے لئے درخواستوں کے موصول ہونے کی آخری تاریخ ۳۱ مئی مقرر کی گئی تھی۔ امیدواران کی سہولت کے لئے اب اس میں ۲۰ جولائی تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اس کے بعد آنے والی درخواستوں پر غور نہیں ہو سکے گا۔
- انٹرویو کے لئے درخواست دہندگان میں سے صرف انہی کو بلایا جائے گا جنکی میٹرک میں کم از کم سیکنڈ ڈویژن ہوگی اور عمر ۱۷ سال یا اس سے کم ہوگی۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید۔ ربوہ)

چندہ مہمانخانہ مستورات

ماہ مئی میں چندہ مہمان خانہ مستورات کی کل آمد -/۲۸۴۹ روپے ہوئی ہے۔ اس وقت تک مہمانخانہ کی عمارت کے چندہ کی کل وصولی -/۵،۱۳۱۳ روپے ہو چکی ہے اور اس پر اب تک -/۵۴۳۲۱۲ روپے خرچ ہو چکے ہیں۔ ابھی بہت سے کام باقی ہیں اس لئے جن بہنوں نے ابھی تک اس میں حصہ نہیں لیا وہ اس میں حصہ لیں تا اس کی آمد سے بقیہ کام کروائے جاسکیں۔ لجنات بھی ایسی بہنوں کا جائزہ لیں جنہوں نے ابھی تک اس چندہ میں شمولیت نہیں کی۔ اللہ آپ کو ہر قربانی میں بیش از بیش شمولیت کرنے کی توفیق دے اور اپنے امام کے ہر حکم پر لبیک کہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ربوہ)

عشرہ وقف جدید اور عہدیداران انصار اللہ

وقف جدید کی طرف سے الفضل مورخہ ۳۰/۵/۸۲ میں یکم تا ۱۰ جون "عشرہ وقف جدید" منائے جانے کا اعلان ہوا ہے۔ عہدیداران مجالس انصار اللہ اور انصار صاحبان کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اس دوران جماعت کے متعلقہ عہدیداران سے بھرپور تعاون فرما کر ممنون فرمادیں اور عنداللہ ماجور ہوں اور اس بارہ میں قیادت وقف جدید مجلس انصار اللہ مرکزیہ کو اپنی رپورٹس بھجوائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق بخشے اور جزائے خیر سے نوازے۔ آمین۔

(قائد وقف جدید انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

ماہنامہ تحریک جدید

اردو اور انگریزی میں شائع ہونے والا ماہنامہ تحریک جدید اپنے قارئین کو حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ اور حضور اقدس کے جانشینوں کے ارشادات اور روز افزوں ترقی کے کوائف پیش کرتا ہے۔ سالانہ چندہ صرف پانچ روپے ہے۔ (مینیجنگ ایڈیٹر ماہنامہ تحریک جدید۔ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خدام و اطفال سالانہ اجتماع میں شمولیت کے لیے تیاری فرمائیں

ہمارے پیارے آقا کا ارشاد ہے کہ ہر مجلس کی نمائندگی لازمی ہے:

مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ۔ ربوہ

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا اڑتیسواں سالانہ اجتماع خدام و اطفال خدا تعالیٰ کے فضل اور احسان سے اور اس کی دی ہوئی توفیق کے ساتھ ۱۵، ۱۶، ۱۷ اخاء ۱۳۶۱ ہش (بمطابق ۱۵، ۱۶، ۱۷ اکتوبر ۱۹۸۲ء) کو اپنی مخصوص شاندار روایات کے ساتھ ایک پرسکون روحانی فضا میں مرکز سلسلہ ربوہ میں منعقد ہو رہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز۔

جملہ خدام و اطفال سالانہ اجتماع میں شمولیت کے لئے ابھی سے تیاری فرمائیں اور یہ امر ہرگز نہ بھولیں کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کے مطابق اس میں ہر مجلس کی نمائندگی ہونا ضروری ہے۔

سیدنا حضرت المصلح الموعود فرماتے ہیں:

"اس اجتماع کی غرض نوجوانوں کے اندر وہ قربانی اور اخلاص پیدا کرنا ہے جس کے ساتھ وہ اپنے فرائض کو صحیح طور پر پورا کر سکیں۔"

(تقریر سالانہ اجتماع ۲۴ اکتوبر ۱۹۵۳ء)

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ۳۱ اکتوبر ۱۹۶۹ء کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"مجلس خدام الاحمدیہ جماعت احمدیہ کا ایک نہایت ضروری حصہ اور ہماری مرکزی تنظیم کے ماتحت ایک نہایت ہی اہم اور نسبتاً مختصر تنظیم ہے۔ گو اس کا تعلق عمر کے لحاظ سے جماعت کے ایک حصہ سے ہے لیکن اس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جماعت کو اس کی اہمیت سمجھتے ہوئے اس کے ساتھ پورا تعاون کرنا چاہیئے۔ اور ایسا انتظام کرنا چاہیئے کہ گو ہر جماعت کے نوجوان، سارے تو اجتماع میں شامل نہیں ہو سکتے۔ لیکن ان کا ایک ایک نمائندہ اس اجتماع میں ضرور پہنچے۔..... یہ کوشش ہونی چاہیئے کہ آئندہ ہم کم سے کم معیار پر ضرور پہنچ جائیں۔ یعنی تمام جماعتوں کے نمائندے لجنہ اماء اللہ۔ ناصرات الاحمدیہ خدام الاحمدیہ۔ اطفال الاحمدیہ اور انصار اللہ کے اجتماعوں میں ضرور شامل ہوں اور یہ کوئی مشکل کام نہیں۔ صرف اس کی طرف توجہ کی ضرورت ہے۔ جو اب تک ہوتی نہیں رہی۔ اور جو جماعتی نظام ہے۔ وہ میرے سامنے ذمہ دار ہے۔ اللہ تعالیٰ نے توفیق دی تو میں انشاء اللہ نگرانی کروں گا کہ ان اجتماعوں میں ہر جماعت کی نمائندگی ضرور ہو..... اگر چھوٹی جماعت ہے تو ایک نمائندہ ہی وہاں سے آجائے۔ لیکن ہر جماعت کا کوئی نہ کوئی نمائندہ ان اجتماعوں میں ضرور شامل ہو۔ کیونکہ جو نمائندے ان اجتماعوں میں شامل ہوں گے وہ ایک نئی روح اور ایک نئی زندگی لے کر واپس جائیں گے۔"

(الفضل ۱۶ اپریل ۱۹۷۰ء)

سالانہ اجتماع کی اہمیت اور اس میں ہر مجلس اور جماعت کی نمائندگی کے بارے میں سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو تلقین اور تاکید فرمائی ہے وہ حضور انور کے مندرجہ ذیل ارشادات سے بھی واضح ہوتی ہے:۔

"اگرچہ خدام الاحمدیہ کا اجتماع اصلاح نفس کی ساری ضرورتوں کو تو پورا نہیں کرتا تاہم یہ ایک حقیقت ہے اور اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اجتماع نفس کی اصلاح کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے اور بہترین سبق ہے۔ اس لئے احمدی نوجوانوں کو اس طرف پوری توجہ دینی چاہیئے۔" (الفضل ۱۰ ستمبر ۱۹۷۲ء)

"ہر جماعت کا کم از کم ایک نمائندہ خدام الاحمدیہ کے سالانہ اجتماع میں ضرور شامل ہونا چاہیئے۔ اجتماع میں ہماری پوری کی پوری جماعت کی نمائندگی ہونی چاہیئے۔"

(الفضل ۱۰ ستمبر ۱۹۷۲ء)

"ہمارا مقصد ہمیں صرف اس وقت حاصل ہو سکتا ہے کہ جب ہم یہ کوشش کریں اور ہماری روایت اور معمول یہ ہو کہ ان اجتماعات میں ہر جماعت کی نمائندگی ضرور ہو۔ اور یہ کم سے کم معیار ہے۔ ترقی کے مختلف مدارج میں سے گزرتے ہوئے ابھی ہم اس کم سے کم معیار تک بھی نہیں پہنچے۔"

(الفضل ۱۶ اپریل ۱۹۷۰ء)

"پس خدام الاحمدیہ اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں۔ اجتماع میں شمولیت کی طرف خاص طور پر توجہ دیں۔ زیادہ سے زیادہ تعداد میں اجتماع میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ پھر اجتماع کو کامیاب بنانے کی طرف منتظمین بھی توجہ دیں۔"

(الفضل ۱۰ ستمبر ۱۹۷۲ء)

خدام اپنے پیارے آقا کی آواز پر توجہ دیں اور ابراہیمی پرندوں کی طرح اس آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس روحانی اجتماع میں شامل ہونے کے لئے غیر معمولی جدوجہد اور کوشش کریں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سال بہ سال اجتماع میں مجالس کی نمائندگی بڑھ رہی ہے۔ لیکن ابھی تک ہم اجتماع میں تمام مجالس کی شمولیت کی سعادت حاصل نہیں کر سکے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ کوئی مجلس ایسی نہ رہے جس کا نمائندہ اجتماع میں شامل نہ ہو۔ اس لئے قائدین اور عہدیداران سے التماس ہے کہ تدبیر اور دعا سے کام لیتے ہوئے اس معیار کو حاصل کرنے کے لئے بھرپور کوشش کریں اور معمولی روکوں اور مجبوریوں کو خاطر میں نہ لائیں۔ کیونکہ مشکلات کے سامنے جھکنا ہمارا کام نہیں بلکہ دعا اور تدبیر سے مشکلات پر غلبہ حاصل کرنا ہمارا فرض ہے۔

قائدین علاقہ، قائدین اضلاع، نگران حلقہ جات قائدین مقامی، زعماء اور خدام الاحمدیہ کے جملہ عہدیداران پوری کوشش فرمائیں کہ کوئی مجلس بھی نمائندگی سے محروم نہ رہ جائے۔ وہ مجالس جن کی نمائندگی گذشتہ سال نہیں ہوئی وہ خصوصی توجہ فرما کر امسال اپنا نمائندہ ضرور بھجوائیں۔ نیز جہاں امسال نئی مجالس قائم ہوئی ہیں وہ مجالس ہرگز اس سعادت سے محروم نہ رہیں۔ اسی طرح ایسے مقامات جہاں باقاعدہ طور پر تو مجالس قائم نہیں لیکن ایک ایک خادم یا طفل موجود ہے۔ ان کو بھی اجتماع میں شامل ہونے کی تحریک کی جائے۔ نیز ایسے خدام کو بھی اجتماع میں شمولیت کی خصوصی تحریک کی جائے۔ جو اس سے قبل کسی اجتماع میں شریک نہیں ہوئے۔

امسال مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی سالانہ تربیتی کلاس میں خدا تعالیٰ کے فضل سے ۱۴ اضلاع کو یہ سعادت نصیب ہوئی کہ انہوں نے اپنے پیارے امام کے ارشاد کو پورا کرتے ہوئے تربیتی کلاس میں سو فیصد مجالس کی نمائندگی کی۔ میں سمجھتا ہوں کچھ مشکل نہیں کہ دعاؤں اور تدابیر سے خدا تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرتے ہوئے سارے اضلاع اپنی اپنی سو فیصد مجالس کی نمائندگی سالانہ اجتماع میں کریں۔ مجھے امید ہے کہ ہمارے نوجوان جنہیں اپنے پیارے امام سے بے حد عقیدت ہے اپنی پوری ہمت صرف کر ڈالیں گے تاکہ حضور کا یہ ارشاد پورا ہو کہ سالانہ اجتماع میں ہر مجلس کی نمائندگی لازمی ہے۔

پس اے احمدیت کے درختِ وجود کی سرسبز شاخو! اے فرزندانِ احمدیت! نوجوانو اور بچو!! آؤ اور دیوانہ وار آؤ — آپ کا امام آپ کو پکار رہا ہے — چلنے کا وقت نہیں بھاگ کر آؤ — اپنے عزائم کو بلند کرو — مسابقت کی روح پیدا کرو — ہر مجلس دوسری مجلس سے ہر ضلع دوسرے ضلع سے اور ہر علاقہ دوسرے علاقہ سے آگے نکلنے کی کوشش کرے — پوری ہمت صرف کر ڈالو — اپنی سجدہ گاہوں کو تر کرو — جب تک آقا کا ارشاد پورا نہ ہو کوئی خادم دم نہ لے — اجتماع میں ہر مجلس کی نمائندگی ہر حال میں کرو ؎

سخت مشکل ہے کہ اس چال سے منزل یہ کٹے
ہاں اگر ہو سکے پرواز کے پر پیدا کر

مربیان کیلئے ضروری اعلان

ماہ رمضان اپنی تمام برکات کے ساتھ عنقریب شروع ہونے والا ہے اس لئے نظارت اصلاح و ارشاد مقامی کے تمام مربیان اور معلمین اپنے اپنے سنٹر میں قیام کر کے جماعت کی تعلیم و تربیت۔ درس قرآن کریم اور نماز تراویح وغیرہ کا اہتمام کریں درس قرآن کریم بمشورہ جماعت ایسے طرز سے اور اتنے وقت میں دیا جاوے کہ دو یا تین یا چار سال میں قرآن کا پورا دور مکمل ہو جائے خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو آمین۔

(نائب ناظر اصلاح و ارشاد مقامی)

زکوٰۃ تزکیۂ نفس کرتی ہے اور اموال کو بڑھاتی ہے ؎

Digitized by Khilafat Library Rabwah

قائدینِ مجالس اور اضلاع خدّام الاحمدیّہ متوجّہ ہوں!

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب (۲۸ اکتوبر ۱۹۷۹ء بر موقع اجتماع انصار اللہ مرکزیہ) کی روشنی میں مجلس خدّام الاحمدیہ مرکزیہ نے جو تعلیمی سکیم بنائی تھی اُس کا اب تیسرا مرحلہ گزر رہا ہے۔ قائدینِ اضلاع خدّام الاحمدیہ کے ذریعہ تعلیم القرآن کے کوائف فارم مجالس کے لیے بھجوائے گئے ہیں۔ قائدینِ مجالس سے درخواست ہے کہ وہ قائدینِ اضلاع سے یہ فارم حاصل کر کے ۱۵ اگست ۱۹۸۲ء تک صحیح کوائف کے ساتھ یہ فارم پُر کر کے قائدینِ اضلاع کی وساطت سے مرکز میں بھجوا دیں اور جو خدّام و اطفال ناظرہ نہیں پڑھ رہے اُن کو ناظرہ پڑھانے کا انتظام فرمائیں۔ اور جو خادم یا طفل میٹرک سے قبل پڑھائی چھوڑ چکا ہے اُس کو بھی میٹرک تک پڑھانے کا انتظام کر کے ممنون فرمائیں!

خاکسار

مرزا فرید احمد

نائب صدر مجلس خدّام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ

ولادت

اللہ تعالیٰ نے خاکسار کو دوسرا فرزند عطا فرمایا ہے۔ بچے کا نام رضوان احمد تجویز کیا گیا ہے۔ پہلے لڑکے کا نام وسیم احمد ہے۔ احباب دُعا فرما دیں کہ اللہ تعالیٰ دونوں بچوں کو خادمِ دین بنائے صحت والی لمبی زندگی عطا فرمائے اور اپنی رضا کی راہوں پر چلائے آمین۔

(خلیل احمد امیر جماعت احمدیہ ضلع سانگھڑ شہداد پور (سندھ)۔)

درخواست ہائے دعا

• میری آپا مکرمہ شمیم سلطانہ صاحبہ اہلیہ مولوی نصیر احمد خانصاحب مرحوم کے پاؤں پر موسش آئی ہوئی ہے۔ اور کبھی کبھی زکام کھانسی وغیرہ ہو جاتا ہے احباب دعا فرمائیں کہ خدا تعالیٰ انہیں صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے آمین۔ (سلطان احمد محمود دارالصدر جنوبی ربوہ)

• خاکسار کا خاندان نقل مکانی کر کے کینیڈا آباد ہو گیا ہے۔ والدہ صاحبہ اور ہمشیرگان بھی الحمد للہ میرے ساتھ ہیں۔ قارئین الفضل دُعا فرمائیں کہ خداوند کریم اپنے فضل و کرم سے اس نقلِ مکانی کو مبارک کرے اور اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ نیز میرا چھوٹا بھائی مرزا حبیب الدین پاکستان میں ہی ہے۔ اس کے لئے بھی دُعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ اس کے کاروبار میں برکت ڈالے آمین۔

(مرزا محی الدین ابن گیانی واحد حسین صاحب مرحوم البرٹا۔ کینیڈا)

انشاء اللہ العزیز

حضرت حکیم نظام جان کے فرزند و جانشین

حکیم عبدالحمید صاحب اعوان

مشہور دواخانہ چوک داتہ زید کا

جو مستقل طور پر کام کر رہا ہے

میں ۱۵ جون کو حاضر ہوں گے

مینیجر: مشہور دواخانہ چوک داتہ زید کا

نارووال مرید کے روڈ ضلع سیالکوٹ

شالوں کی مشہور دکان

الفردوس شال ہاؤس

۸۵ - انارکلی لاہور

الفردوس شال ہاؤس

لاہور فون ۳۲۴۴۴۸

الفضل کی توسیع اشاعت میں حصہ لینا ہر احمدی کا فرض ہے

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد دُکھی عورتوں کیلئے

پُر اُمید واحد علاج

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان

۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام

ھو الشافی

دواخانہ حکیم نظام جان

دُکھی مخلوق کی خدمت میں مصروف

ایجنسیاں

★ شاہ عالم مارکیٹ ۲۶ بی فیلٹ لاہور

★ محبوب یونانی دواخانہ مین بازار کبیر والا

★ جلیل دواخانہ مین بازار شیخوپورہ

★ دواخانہ حکیم نظام جان ربوہ

چوک گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ

فون نمبر: ۷۳۹۹۷

پوسٹ بکس نمبر: ۲۲۲

اٹھرا، بواسیر، ذیابیطس، دمہ، پرانی خارش و چنبل، بلخیر معدہ

مطب ناصر دواخانہ

گولبازار ربوہ
فون ۶۳۴ رہائش ۵۳۴

مردانہ و زنانہ خاص امراض کا بفضلہ کامیاب علاج

ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی اور تزکیۂ نفس کرتی ہے۔

جانوروں کا اپھارہ منٹوں میں غائب کرنے کی مجرب دوا

شفائے اپھارہ

شفائے سرکن:۔ جانوروں کے پیشاب میں خون روکنے کے لئے۔
شفائے پستان:۔ جانوروں کے تھنوں کی سوزش، گلٹیاں اور دودھ کے ساتھ خون روکنے کی حیرت انگیز دوا۔

جانوروں کے دیگر امراض گل گھوٹو * منہ کھر * جیر * زہر باد * کٹار * چیچک * رحم باہر نکلنا * اسہال * چوٹ * جلدی امراض * پیٹ کے کرم وغیرہ امراض کی مجرب دوائیں تیار کرتے ہیں۔ قیمت فی پیکٹ ۵۰/ اور جن سے زائد پر ۳۳ پرسنٹ کمیشن۔ لٹریچر مفت۔

شاہ ہومیو پیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے

مسجد اقصیٰ کے چوک میں

دواخانہ حکیم نظام جان

بہت جلد کام شروع کر رہا ہے

حکیم انوار احمد جان گوجرانوالہ
پوسٹ بکس نمبر 222

رجسٹرڈ
HERCULES
مضبوطی میں بے مثال
کارکردگی میں لاجواب

ہرکولیس

امپورٹڈ میٹریل سے تیار شدہ

HERCULES

ہر قسم کی گاڑیوں کے سلنسر پائپ، سلنسر بکس اور پچھلی کمانی سپیشلسٹ

میاں بھائی

۱۰ منٹگمری روڈ، لاہور۔ فون نمبر: ۳۰۵۴۰۴ ؛ ۳۰۵۳۹۶

AL-FURQAN MOTORS LIMITED

Authorised Dealers of National Motors Ltd.
For Genuine TOYOTA Parts

ٹویوٹا گاڑیوں کے ہر قسم کے اصلی

پرزہ جات درج ذیل پتہ پر حاصل کریں

الفرقان موٹرز لمیٹڈ

۴۷ تبت سنٹر۔ ایم اے جناح روڈ کراچی ۳۔

فون: ۷۴۶۰۹

جدید فیشن کے مطابق

سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات

اور چائنا کے خوشنما برتن ٹی سیٹ وغیرہ کے لئے

فرحت علی جیولرز

کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور

فون نمبر ۵۲۶۲۳

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے اپنے معروف ادارہ

ہیڈ آفس:۔ **گلوب ٹمبر کارپوریشن** ۲۶۔ نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ لاہور
گورنمنٹ کنٹریکٹر

فیکٹری:۔ **گلوب انجینئرنگ کارپوریشن** رچنا ٹاؤن جی ٹی روڈ فیروز والا لاہور

پر تشریف لائیں فون:۔ دفتر: ۶۸۱۲۶ ؛ گھر: ۶۲۹۳۰
فیکٹری: ۷۱۰۳۵۳

احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

آپ کو معلوم ہو کہ ہمارے دواخانہ

میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز

کا نام اب:

مشہور دواخانہ رجسٹرڈ

زیر نگرانی: حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند حضرت حکیم نظام جان

ہو چکا ہے:

خدمت کی راہوں پر رواں دواں: دیرینہ خادم

مشہور دواخانہ رجسٹرڈ

چوک گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ، فون: ۷۴۸۴۴
بالمقابل ایوان محمود، ربوہ، فون: ۶۳۸
۷۱۔ سویٹ ہوم لینڈ ماڈل کالونی کراچی ۲۷ ؛ قلعہ کالر ضلع سیالکوٹ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خوبصورت اور مضبوط دانت
جدید ترین طریقہ سے بغیر تالو کے لگائے جاتے ہیں۔ ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے
شریف ڈینٹل کلینک نزد مسجد اقصیٰ ربوہ فون ۵۴۳
نظر اور دھوپ کی عینکوں کے لئے **شبیر آپٹیکل سروس**

• رہائشی پلاٹس
• مکانات اور
• زرعی اراضی
کی خرید و فروخت کیلئے
آپکی مخلصانہ خدمت کیلئے
چشم براہ
صدیق اسٹیٹ ایجنسی اقصیٰ چوک ربوہ
فون دفتر:- ۶۴۰ فون رہائش ۵۴۰
پروپرائیٹر:- چوہدری محمد صدیق

زرعی سکنی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے:
بلال اسٹیٹس ربوہ
فون: ۵۰۸ گھر: ۴۰۵

اعلیٰ اور معیاری کپڑے کی سستی دکانیں
بھٹی کلاتھ ہاؤس
رحمت بازار ربوہ
پروپرائٹر:
محمد حنیف بھٹی آف سکار۔ اینڈ سنز

کئی سال سے آپکی
بے لوث خدمت کرنیوالا
واحد ادارہ
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
سکنی و زرعی اراضی، مکانات و پلاٹس وغیرہ کی خرید و فروخت کیلئے آپ کی خدمت کا متمنی
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
انس مارکیٹ ربوہ
۵۳۵

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات وغیرہ کیلئے
نیو پاک جیولرز
۱۱۱۔ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور
• فون ۴۱۰۹۷۴، ۴۱۸۶۴۶ رہائش ۴۱۸۶۴۵
پروپرائیٹر:- میاں عظیم قادر اینڈ سنز

بواسیر وغیرہ کی ادویات

PILES CURE	بواسیر خونی و بادی
Hemorrhoids Cure	مقعدی، سخت مسے
Hemorrhage Cure	بہت زیادہ خون نکلے
Fissure Cure	چیر اور کٹاؤ
PROLAPSUS CURE	کانچ نکلنا
ANUS ITCH CURE	مقعدی خارش
FISTULA CURE	ناسور، بھگندر
CONSTIPATION CURE	دائمی قبض
FLATULENCE CURE	گیس، ہوا، ریح

ایک سے زیادہ کیورز اکٹھی بھی استعمال ہو سکتی ہیں کیپسولوں سے ۱۵/- فی کیورز۔ پائلز آئنٹمنٹ ۱۵/- ڈاک سے ۱۵/- زائد۔ لٹریچر فری۔
ضمانتی معالج: کیمو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ ربوہ۔ کارخانہ

ہر قسم کا
کاغذ، بکس بورڈ (اور) گتہ
بارعایت خریدنے کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں اور رعایت پائیں
مقبول پیپر مارٹ گنپت روڈ لاہور فون ۶۳۸۴۹
گھر۔ ملک عبداللطیف شکوہی فون ۶۲۵۱۶

ضرورت سیلز مین برائے آپٹیکل سٹور
جنہیں عینکوں کی تیاری اور شیشوں کی فٹنگ کا تجربہ ہو۔ رابطہ قائم کریں۔
کچہری بازار فیصل آباد
شامیڈیکو (اینڈ) آپٹیکو

احمد موٹرز آٹو موبائل انجینئرز
۴۰۴۴۵
• جرمن اور جاپانی گاڑیوں کی مرمت کا خصوصاً اعلیٰ انتظام
گاڑیوں کی اطمینان بخش • اوور ہالنگ • ڈنٹنگ • پینٹنگ الیکٹرک
• ویل بیلنسنگ • ویل الائنمنٹ کیلئے رجوع فرمائیں۔
۔ عنایت بازار اوجڑی کیمپ مری روڈ راولپنڈی

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے
احمرا اسٹیٹس فون ۳۸۵۲
۶۹۹/۸ سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا

عینک سے نجات
سرمہ طفیل قیمت ۱۱/- روپے
موتیا کا بغیر اپریشن علاج۔ دھند۔ جالا۔ مکرے آنکھوں سے پانی۔ نظر کی کمزوری۔ آنکھوں کی ہر بیماری کے لئے بے حد مفید۔
حکیم محمد طفیل رجسٹرڈ سابق صدر طبیہ کمیٹی جوہی
حال:- کوٹہ کلاتھ گولبازار۔ ربوہ ضلع جھنگ
رجسٹرڈ نمبر H-۱۲۵۹۷

---

worldwide flights
British airways
We'll take more care of you.
INFORMATION OFFICE
AIR RESERVATION & OTHER TRAVELING DOCUMENTS
CONTACT:-
AL-MEHMOOD AQSA ROAD, RABWAH. PH. 493
travel to destinations.